ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (791)

15-12-2021

**بہاول پور() ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیر نگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گذشتہ 03 روز میں کریک ڈاؤن۔ متعدد ملزمان گرفتار 1024 لیٹر شراب، لہن معہ 02 چالو بھٹیاں، 05 کلو سے زائد چرس اور ناجائز اسلحہ برآمد، ملزمان گرفتار، مقدمات درج، جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پولیس بغداد الجدید، صدر یزمان اور چنی گوٹھ پولیس نے ملزمان کاشف، علی حمزہ، حافظ عمر، عدنان ، اکرم اور وسیم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 06 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کرلیا، شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پولیس تھانہ کینٹ، عباسنگر، دھوڑ کوٹ، سول لائنز، صدر حاصلپور، عنائتی اور سٹی حاصلپور نے ملزمان عبداللہ، اشرف، وسیم، عمران، مشتاق، کاشف، اقبال، عدیل اور احمد کو گرفتار کرلیا جن کے قبضہ سے 624 لیٹر دیسی شراب، 400 لیٹر لہن معہ 02 چالو بھٹیاں اور 64 بوتلیں ولائتی شراب برآمد کرلیں۔ تھانہ کینٹ ، نوشہرہ، سٹی یزمان ، ڈیراور، کوتوالی اور صدر بہاولپور نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے نعیم ، قاسم ، عدنان، صادق ، اعظم اور نعیم ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 5130 گرام چرس برآمد کرلی۔ متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: پولیس کی منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گذشتہ 03 روز میں کریک ڈاؤن۔ متعدد ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد، ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (792)

15-12-2021

**بہاول پور( )ایس آئی حشمت علی شہید پولیس ڈرائیونگ سکول یزمان کے مارننگ وایوننگ موٹرسائیکل/موٹرکار کے بیچ نمبر 06اور ایل ٹی وی کے بیچ نمبر 03 کی ٹریننگ مکمل، اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹرٹیفکیٹ تقسیم، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کارڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع یاافراد ہمیشہ کے لیے معذور ہوجاتے ہیں، اسکول میں مہلک حادثات سے بچاؤ کے حوالے سے بہترین تربیت اورشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جاتی ہے-ڈی پی اوعبادت نثار**

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگراضلاع کی طرح بہاول پورمیں بھی شہریوں کوبہترین تربیت/ٹریفک سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے ایس آئی حشمت علی شہید پولیس ڈرائیونگ سکول یزمان کام کررہا ہے۔ جہاں پرصبح وشام دوشفٹوں میں اسٹوڈنٹس کوموٹرسائیکل/موٹرکار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جارہی ہے۔اس سلسلہ میں 93 سے زائدکامیاب سٹوڈنٹس کی ٹریننگ مکمل کرنے پراچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے، ڈرائیونگ اسکول کے اسٹاف نے بہترین انداز میں اسٹوڈنٹس کوڈرائیونگ کی تربیت دی، دوہفتہ پرمشتمل ٹریننگ کے پانچویں بیچ کے اسٹوڈنٹس کی ٹریننگ مکمل کرنے پر تقریب کا اہتمام کرتے ہوئے انچارج یزمان ڈرائیونگ سکول جاوید علی اے ایس آئی نے کامیاب سٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے، ڈرائیونگ اسکول کے اسٹاف نے بہترین انداز میں اسٹوڈنٹس کوڈرائیونگ کی تربیت دی، دوہفتے کی ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو ٹریننگ اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڈز پرپیشہ ورانسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت ان کے اعتماد میں اضافہ ہو۔کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کاتحریری اورعملی ٹیسٹ کاانعقاد کیا جاتا ہے۔اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کودن اورشام کے اوقات میں مرحلہ وارمکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹینس، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اورقانون کی پاسداری واچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں۔ڈی پی اوعبادت نثارنے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدیدٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جارہاہے، آن لائن ٹیسٹ، سفارش اورمڈل مین کے بغیرصرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنراورلائسنس کے لیے اپلائی/ جاری کیے جاتے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اورناتجربہ کارڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں، مہلک حادثات سے بچاؤ کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت وشہریوں کوٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور:ایس آئی حشمت علی شہید پولیس ڈرائیونگ سکول یزمان کے موٹرسائیکل/موٹرکار کے بیچ نمبر 06اور ایل ٹی وی کے بیچ نمبر 03 کی ٹریننگ مکمل، اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سٹرٹیفکیٹ تقسیم

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(793)

15.12.2022

## بہاولپور()ڈی پی او عبادت نثار نے ضلع کے تمام ایس ایچ اوز کو زیر تفتیش مقدمات کی تکمیل کیلئے سخت ہدایات، تکمیل شدہ مقدمات کو فوری طور پر عدالت بھجوائے جانے اور زیر تکمیل مقدمات کو یکسو کرنے کے احکامات،انصاف میں تاخیر انصاف نہ ملنے کے مترادف ہے۔ڈی پی او۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی مقدمات کو متعینہ وقت میں تکمیل کرنے کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو زیر تفتیش مقدمات کی تکمیل کیلئے سخت ہدایات جاری کیں۔ نیز تکمیل شدہ مقدمات کو فوری طور پر عدالت بھجوائے جانے اور زیر تکمیل مقدمات کو یکسو کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ 3 مہینے سے زیادہ عرصے سے پینڈنگ مقدمات کو دی گئی ڈیڈ لائن سے پہلے میرٹ پر تفتیش کرتے ہوئے مکمل کیا جائے۔ عدم گرفتار ملزمان،اشتہاری ملزمان اور عدالتی مفروران کو فوری گرفتار کیا جائے۔اسی طرح ایسے مقدمات جو کہ تکمیل ہو چکے ہیں ان کو ہر صورت فوری طور پر عدالت بھجوایا جائے تاکہ ان پر کیس ٹرائل شروع ہو سکے۔ڈی پی او کی ہدایات پر روزانہ کی بنیاد پر پراگرس چیک کرنے کا طریقہ کار واضع کیا گیا۔ڈی پی او عبادت نثار نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا اولین مقصد شہریوں کو بروقت انصاف مہیا کرنا ہے۔کیونکہ انصاف میں تاخیر انصاف نہ ملنے کے مترادف ہے۔لہذا تمام افسران ان ہدایات پر من وعن عمل کریں۔سستی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو محکمانہ احتساب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس